© rasailojaraid.com



حلقوں کی طرف سے جو اعتراضات کیے جاتے ہیں اور حضرت مولانا شاہ اسماعیل شہید دہلوی یا بعض دیگر حضرات کو جو ہدفِ تنقید ٹھہرایا جاتا ہے، کتاب و سنت کی روشنی میں اس کا مدلل جواب دیا گیا ہے۔

**الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان۔ (اردو ترجمہ)**

**تالیف :** شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ

**اردو ترجمہ:** مولانا غلام ربّانی مرحوم

**ناشر:** المکتبہ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور

**صفحات** ۱۹۴، قیمت پندرہ روپے

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ کی تصنیفات میں الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اس کتاب میں جیسا کہ اس کے نام سے واضح ہے، عمل و کردار میں اللہ کے اطاعت گزاروں اور شیطان کے پیچھے چلنے والوں کے درمیان فرق کی وضاحت کی گئی ہے، اور کتاب و سنّت کی روشنی میں بتایا گیا ہے کہ ان دونوں قسم کے لوگوں کے کیا اوصاف ہیں۔ اصل کتاب عربی میں ہے، ہمارے پیشِ نگاہ اس کا اردو ترجمہ ہے جو مولانا غلام ربّانی مرحوم نے کیا ہے۔ ترجمے کی زبان بڑی صاف ستھری اور عام فہم ہے۔

سب سے پہلے یہ بیان کیا گیا ہے کہ قرآن مجید کی رُو سے سچے اور جھوٹے اولیا میں کیا امتیاز ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیثِ مبارکہ کے نقطۂ نظر سے اولیاء اللہ کے اوصاف سے بحث کی گئی ہے۔ اس ضمن میں بعض بزرگوں کے اقوال بھی نقل کیے گئے ہیں۔

کتاب جس موضوع کو محیط ہے، اس کی تمام تفصیلات اس میں خوب صورت انداز اور بہترین اسلوب میں مندرج ہیں۔ اس نوع کی کتابوں کا مطالعہ اخلاق و سیرت کو جلا بخشنے کا موجب بنتا ہے۔ المکتبہ السلفیہ نے اصل عربی کتاب بھی علیحدہ شائع کی ہے۔ اب اُردو دان طبقے کے لیے اس کا اردو ترجمہ بھی چھاپ دیا ہے اور یہ اس کی بہترین خدمتِ علم ہے۔

(م - ا - ب)

---

© rasailojaraid.com